الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ، پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸، کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name :	**Gull**	Serial No :	**19013**
Address :	**karachi pakistan**	Date :	**3/30/2013**
Subject :	**HIJAB**	Contact No:	
Writer :	صبغت اللہ	Email :	

Assalamualaikum,kia farmatey hen mufti sahib is mas'aley keh barey mey keh mai Alhamdolillah sharee parda karti hun,kai log mujhe ese milte hen jo kehte hen keh chehre ka parda sharaee pardey me shumaar nahin,me wakif hun keh chehre ka parda bhi sharaee pardey me shumar hai lekin jin logon ko ilm nahin hota ya jinhe ham gehrayi nahin bata saktey to kia ham unse itna keh sakte hen keh 'Amma Ayesha,fatima,hafsa or tamam azwaaj-e-motaharat'' chehre ka parda karti thin,takey hamen samjhaney or unhe samajhne me aasani rahe,jawab inayat farmaen....

کیا فرماتے ہیں مفتی صاحب اس مسئلے کے بارے میں کہ میں الحمد للہ شرعی پردہ کرتی ہوں، کئی لوگ مجھے ایسے ملتے ہیں جو کہتے ہیں کہ چہرے کا پردہ شرعی پردے میں شمار نہیں ہوتا، میں واقف ہوں کہ چہرہ کا پردہ بھی شرعی پردے میں شمار ہے، لیکن جن لوگوں کو علم نہیں ہوتا یا جنہیں ہم گہرائی نہیں بتا سکتے تو کیا ہم ان اتنا کہہ سکتے ہیں کہ "اماں عائشہؓ، فاطمہؓ، حفصہؓ اور تمام ازواجِ مطہرات" چہرے کا پردہ کرتی تھی، تاکہ ہمیں سمجھانے اور انہیں سمجھنے میں آسانی رہے۔ جواب عنایت فرمائیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

شریعت میں چہرہ جو کہ "مجمع المحاسن" ہے غیر محارم کے سامنے اس کا پردہ بحکم قرآنی "یدنین علیهن من جلابیبهن" ثابت ہے اور آجکل فتنہ وفساد کے دور میں اس حکم پر عمل کی اور زیادہ ضرورت ہے، جبکہ آیتِ حجاب کے نازل ہونے کے بعد ازواجِ مطہراتؓ اور دیگر صحابیاتؓ چہرے سمیت پورے بدن کو اچھی طرح ڈھانک لیا کرتی تھیں، اس لئے محض سمجھانے میں سہولت کی غرض سے سائل کا مذکور جملہ کہہ دینے میں کوئی حرج نہیں۔

فی أحکام القرآن للعثمانیؒ: وقال ابن جریر:
یقول تعالی ذکرہ لنبیه محمد صلی اللہ علیه وسلم:
یا أیها النبی قل لأزواجك وبناتك ونساء المؤمنین لا
تتشبهن بالإماء فی لباسهن، إذا خرجن من
بیوتهن لحاجتهن فکشفن شعورهن ووجوههن
ورءوسهن، فلا یبدین منهن إلا عیناً واحدة"
ثم قال: حدثنا أبو صالح قال: حدثنی معاویة
عن علی عن ابن عباس رضی اللہ عنه فی تفسیر الآیة قال:

(جاری ہے۔۔۔۔)

"أمر الله نساء المؤمنين إذا خرجن من بيوتهن في حاجة أن يغطين وجوههن من فوق رءوسهن بالجلابيب ويبدين عينا واحدة" الخ (ج ٣ ص ١٢-٤٣)۔

والله اعلم بالصواب

کتبه: صبغت اللہ عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی نمبر ۱۶
۱۸/ ربیع الاول/ ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۸/ ۳/ ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح
محمد ...
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۹ ربیع الاول ۱۴۳۵ھ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء
۱۹۰۱۳
۱۴۳۵/۳/۲۳
جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کراچی

20/1/16